مولانا محمد اسلام حقانی

تعارف وتبصرہ کتب

● **معارف الفرقان فی تفسیر القرآن** ترجمہ: مولانا عبدالحمید سواتیؒ تفسیر مولانا عبدالقیوم قاسمی

ضخامت: ج اول ۴۸۴ صفحات (فاتحہ تا العمران) ناشر: القاسمی اکیڈمی، مدرسہ معارف اسلامیہ سعید آباد کراچی

زیر تبصرہ کتاب ''معارف الفرقان'' مولانا عبدالقیوم قاسمی کی تالیف کردہ تفسیر ہے، یہ اس تفسیر کا جلد اول ہے جو ایک مقدمہ اور سورہ فاتحہ سے سورہ ال عمران تک کے مباحث پر مشتمل ہے، بہت سی خوبیوں سے مالا مال یہ تفسیر تیاری کے مراحل میں ہے، یہ تفسیر شاہ ولی اللہؒ کے نہج اور اسلوب کے حامل اور مسلک اہل حق کی ترجمانی کرتے ہوئے زمانہ قدیم وجدید کے باطل نظریات واعتقادات کا قلع قمع کرتے ہیں۔ احکام شرعیہ کو بخوبی بیان فرماتے ہیں ،اختصار کیساتھ جامع اور عام فہم زبان میں تفسیر قرآن سکھلاتا ہے۔علم تفسیر سے دلچسپی رکھنے والوں کیلئے ایک قیمتی سوغات ہے۔

● **عمدۃ البیان فی تفسیر القرآن (تفسیر مدنی الکبیر)** مؤلف: شیخ القرآن مولانا محمد اسحاق خان المدنیؒ

ضخامت: ج پنجم ۷۲۳ صفحات ناشر: القاسم اکیڈمی جامعہ ابوہریرہ خالق آباد نوشہرہ

زیر تبصرہ کتاب ''عمدۃ البیان فی التفسیر القرآن'' مولانا اسحاق مدنیؒ کی تالیفات میں سے ایک اہم تالیف ہے، جو ''تفسیر مدنی الکبیر'' کے نام سے معروف ومشہور ہے ،یہ اس تفسیر کی پانچویں جلد ہے، جو سورہ توبہ سے لیکر سورہ یوسف تک ہے، مؤلف کی اس سے قبل بھی دو تفاسیر منظر عام پر آچکی ہیں جس میں زبدۃ البیان فی القرآن، اوجز البیان فی تفسیر القرآن قابل ذکر ہے،یہ تفسیر بھی تقریباً بارہ جلدوں پر مشتمل ہوگی، یہ تفسیر علمی وتفسیری دنیا میں ایک عمدہ اور منفرد نوعیت کا علمی اضافہ ہے اور ایک بڑا وقیع تفسیری کارنامہ ہے۔

● **فتاوی محمدیہ فی الفقہ الحنفی (پشتو)** مؤلف: مولانا مفتی سید حسن حقانی شنواری

ضخامت: ۱۹۵۰ صفحات، ۴ جلد ناشر: دارالعلوم اسلامیہ محمد یہ ماشوخیل پشاور رابطہ نمبر: 03028882691

افتاء اور قضاء کی چودہ سو سالہ تاریخ ہے، فتویٰ یہ ہے کہ مسلمانوں کو نظام حیات میں درپیش

مسائل اور مشکلات کا حل قرآن وسنت اور اجماع امت کی روشنی میں نہایت خوش اسلوبی سے پیش کیا جائے جو سائل کی تسلی کا باعث بنے اور وہ شریعت کے اس حکم سے مطمئن ہوکر اس پر عمل پیرا رہے، فتویٰ پوچھنے اور فتویٰ دینے کا یہ سلسلہ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد مبارک سے چلا آرہا ہے، برصغیر پاک وہند اور افغانستان میں قرآن وحدیث اور دیگر علمی خدمات کے ساتھ فتوی نویسی میں بھی مفتیان عظام کی کاوشیں لائق صد تحسین اور قابل قدر ہے، اس سلسلہ میں مختلف جامعات کے فضلائے کرام کی خدمات محتاج تعارف نہیں، پاکستان میں جامعہ دارالعلوم حقانیہ کی علمی، دینی خدمات کی ایک سنہری تاریخ ہے، ہر میدان میں ان کی خدمات ایک مسلم حقیقت ہے ہر دور میں فضلائے حقانیہ نے کتاب وسنت کی حفاظت کا اہم ترین فرض بخوبی سرانجام دیا ہے۔ جامعہ دارالعلوم حقانیہ نے جس طرح ملک و بیرون ملک قراء، مفسرین، محدثین، مشائخ، مصنفین، مقررین ومناظرین، ادباء وصحافی پیدا کیے ہیں اسی طرح اس عظیم جامعہ نے کثیر تعداد میں مفتیان کرام بھی پیدا کیے ہیں وہ بلاشبہ اپنی مثال آپ ہیں۔ انہیں فضلائے جامعہ حقانیہ میں سے مولانا مفتی سید حسن حقانی شنواری صاحب کا نام گرامی بھی شامل ہے، موصوف کا تعلق افغانستان کے ضلع ننگرہار سے ہے، جامعہ حقانیہ کے قابل قدر فضلا اور متخصصین میں ان کا شمار ہوتا ہے، عرصہ اٹھارہ سال سے جامعہ دارالعلوم اسلامیہ محمدیہ ماشوخیل پشاور کے دارالافتاء کے نگران اور منصب افتا پر فائز ہیں، درس وتدریس کے ساتھ تصنیف وتالیف کا اعلی ذوق بھی رکھتے ہیں، مختلف فقہی موضوعات پر ان کی کتابیں منصۂ شہود پر آچکے ہیں اور کچھ کتابیں زیر طبع ہے۔

زیرتبصرہ کتاب "فتاوی محمدیہ فی الفقہ الحنفی" بھی موصوف کی تالیف لطیف ہے، یہ آپ کی بیس سالہ ان فتاوی جات کا مجموعہ ہے جو موصوف کی اپنی قلم سے صادر ہوئے ہیں۔ اس فتاوی کے خصوصیات درج ذیل ہے، فتوے دینے میں نہایت احتیاط کے پیش نظر اعتدال اور میانہ روی سے کام لیا گیا ہے، ہر مسئلے کی تصویب اور تصحیح مولانا مفتی سید قمر صاحب (دارالعلوم سرحد) اور مولانا مفتی سیف اللہ صاحب (جامعہ دارالعلوم حقانیہ) سے کیا گیا ہے۔ کتاب کی ترتیب اردو فتاوؤں کی طرز پر رکھا گیا ہے جواب مختصر مگر جامع و مانع ہوتا ہے، ہر جواب مدلل اور معتبر کتابوں کے حوالوں سے مزین ہوتا ہے، حوالے قدیم فقہی ذخیرے اور تفسیر اور حدیث کی کتابوں سے دیئے ہیں، اس کے علاوہ بہت سے خصوصیات سے یہ مجموعہ معمور ہے، چار جلدوں پر مشتمل یہ فتاوی پشتو زبان میں ایک وقیع فقہی اضافہ ہے، پہلی جلد کتاب العقائد پر دوسری جلد عقائد اور کتاب الطہارت اور کتاب الصلاۃ کے مسائل پر تیسری اور چوتھی جلد بھی کتاب الصلاۃ کے مباحث پر مشتمل ہے، فتاوی کے باب میں گرانقدر فقہی اضافہ ہے، خاص کر پشتو زبان